پریس ریلیز

تمام امیدواران جو سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کے تحت حکومت بلوچستان کے سیکنڈری ایجوکشن ڈیپارٹمنٹ میں 8751 جنرل نشستوں جبکہ مخصوص 325 (معذوران اور اقلیتی کوٹہ) پر 20 مئی 2023 سے لے کر 11 جولائی 2023 تک تسلسل کے ساتھ منعقد کیے گئے ٹیچنگ ریکروٹمنٹ ٹیسٹ (BPS 09-15) میں شریک ہوئے کو بذریعہ پریس ریلیز ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ معزز عدالت عظمیٰ کے تحریری فیصلہ نمبر CP.No4/2024 بتاریخ 24 اپریل 2024 اور حکومت بلوچستان سیکنڈری ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ہدایاتی مراسلہ نمبر-PPIU/8 (A&F 2022/6345-56)70 بتاریخ 7 جون کی روشنی میں ان کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایات پر CMIT کے میمبرز، ڈسٹرکٹ کمشنرز اور ڈی ای اوز کو بطور مانیٹرنگ آفیسر اس سارے عمل کی نگرانی کے لیے مقرر کیا گیا۔

لہٰذا ان تمام امتحانی مراحل کی تکمیل کے بعد سردار بہادر خان ویمن یونورسٹی نے مورخہ 11 جون 2024 کو انفرادی نتائج کا اعلان کیا اور ان نتائج میں طلباء اور طالبات کی جانب سے کسی بھی قسم کی شکایات اور ان کی درستگی کے لیے تمام امیدواروں کو مورخہ 24 جون 2024 تک آن لائن کمپلینز جمع کرنے کا موقع دیا گیا۔ لیکن بلوچستان کے کئی اضلاع میں انٹرنیٹ سروس نہ ہونے کی وجہ سے طلباء و طالبات کی پرزور اپیل پر 25 جون سے 29 جون 2024 تک شکایات / کمپلینٹ جمع کرنے کی تاریخ میں توسیع کی گئی۔ لہٰذا تمام شکایات کی درستگی کے بعد مورخہ 11 جولائی 2024 کو غیر حتمی نتائج کا اعلان کیا گیا جس کی فہرست سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر آویزاں کر دی گئی ہے۔ مزید بر آں حکومت بلوچستان کی ریکروٹمنٹ پالیسی 2019 کے تحت پہلے مرحلے میں امیدواروں کا انتخاب یونٹ کونسل کی بنیاد پر ہو گا اگر یونین کونسل میں امیدوار مطلوبہ نشستوں پر کامیاب نہیں ہوتے تو یونن کونسل سے خالی نشستوں پر امیدواروں کا انتخاب تحصیل کی سطح پر ہو گا اور اور اگر تحصیل میں بھی پوسٹیں خالی رہ جاتی ہیں تو امیدواروں کا انتخاب ضلعی سطح پر ہو گا نیز وہ امیدوار جن کے کوائف نامکمل ہونے کی وجہ سے انہیں مشروط طور پر امتحان میں بیٹھنے کی اجازت دی گئی تھی ان امیدواروں کو امتحان کے بعد اپنے کوائف فراہم کرنے کے لیے 07 یوم کا وقت دیا گیا تھا لہٰذا جن امیدواروں نے اپنے کوائف بروقت جمع کروائے صرف انہی امیدواروں کے نام غیر حتمی فہرست میں شامل کیے گئے۔

نوٹ۔

میرٹ لسٹ کے متعلق کسی بھی شکایت کے سلسلے میں سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی ویب سائٹ http://edurecruit.com.pk پر آن لائن شکایات / کمپلینٹ 03 یوم کے اندر جمع کرائیں۔ لہٰذا تمام امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متعلقہ تاریخ کے بعد کسی بھی قسم کی شکایات زیر غور نہیں لائے جائینگے۔

Sardar *Bahadur* Khan Women’s University Balochistan

UAN#03111007748 | **www.sbkwu.edu.pk**
http://edurecruit.com.pk